## سوال

(1223)آخرت اور آخرت کی نعمتیں

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جنت میں جانے والے مردوں کے لیے حوریں بطور بیویوں کے ہوں گے، تو عورتوں کے لیے کیا ہوگا، اور اس کی دلیل کیا ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورتوں کے لیے وہ مرد ہوں گے جو جنت میں جائیں گے۔ اور یہ جنتی مرد موٹی موٹی آنکھوں والی حوروں سے بڑھ کر ہوں گے اور بڑی فضیلت والے ہوں گے۔ اور عین ممکن ہے کہ جنت میں بعض عورتوں کا مقام و مرتبہ نکاح کے حوالے سے مردوں سے بڑھ کر ہو۔ اگر کسی عورت کے دنیا میں دو شوہر ہوئے اور دونوں ہی جنتی ہوئے تو اسے ان دونوں میں اختیار دیا جائے گا، اور پھر وہ اسے اختیار کرے گی جو اخلاق میں دوسرے سے بڑھ کر ہوا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

**صفحہ نمبر 865**

محدث فتویٰ